Free From Government
NOT FOR SALE

درسی کتاب


# 1

# اسلامیات

جماعت اوّل

ٹیسٹ ایڈیشن

نصاب 2020 کے مطابق



خیبر پختونخوا ٹیکسٹ بک بورڈ، پشاور

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔

# اسلامیات

## جماعت اوّل

نصاب 2020 کے مطابق

خیبر پختونخوا ٹیکسٹ بک بورڈ، پشاور

# فہرست


| نمبر شمار | سبق | صفحہ نمبر |
| --- | --- | --- |
| | **بابِ اوّل: قرآنِ مجید و حدیثِ نبوی صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلَى آلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ** | |
| الف | ناظرہ و حفظ قرآن مجید | 1 |
| ب | حفظ قرآن مجید | 2 |
| ج | حفظ و ترجمہ | 3 |
| د | حدیثِ نبوی صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلَى آلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ | 4 |
| ہ | دعائیں (زبانی) | 5 |
| | **باب دوم: ایمانیات و عبادات** | |
| | (ا) ایمانیات | |
| 1 | توحید کا تعارف | 9 |
| 2 | نبوت و رسالت | 14 |
| | (ب) عبادات | |
| 1 | مسجد | 18 |
| 2 | اذان | 22 |
| 3 | نماز | 26 |
| | **باب سوم: سیرتِ طیبہ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلَى آلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ** | |
| 1 | ہمارے پیارے نبی حضرت محمد رسول اللہ خَاتَمُ النَّبِيِّيْن صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلَى آلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ | 30 |
| 2 | حضرت محمد رسول اللہ خَاتَمُ النَّبِيِّيْن صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلَى آلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ کے اخلاقِ حسنہ | 35 |
| | **باب چہارم: اَخلاق و آداب** | |
| 1 | اچھے اَخلاق | 39 |
| 2 | سلام کرنا | 43 |
| | **باب پنجم: ہدایت کے سرچشمے اور مشاہیرِ اسلام** | |
| 1 | انبیاء کرام علیہم السلام کا تعارف | 49 |

# باب اوّل قرآن مجید و حدیثِ نبوی صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَعَلٰی اٰلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ

## (الف) ناظرہ قرآن مجید

**حاصلاتِ تعلّم:**

اس سبق کی تکمیل پر آپ اس قابل ہو جائیں گے کہ:

- قرآنی قاعدے کے ذریعے تجوید کے قواعد درست مخارج کے ساتھ حروف کی اشکال اور اصوات زبر، زیر، پیش، جزم، قلقلہ، غنہ، تشدید، مد، کھڑا زبر، کھڑی زیر اور الٹا پیش وغیرہ سمجھ سکیں۔
- قرآن پاک کی آخری دو سورتوں کی تلاوت کر سکیں۔



**آئیں جانیں**

قرآن مجید اللہ تعالیٰ کا کلام ہے۔

**آئیں جانیں**

قرآن مجید میں کل 114 سورتیں ہیں۔

**سرگرمیاں برائے طلبہ**

- حروفِ تہجّی کی مشق کریں۔
- سبق میں دی گئی سورتوں کی درست تلفظ کے ساتھ تلاوت کریں۔

**برائے اساتذہ کرام**

- طلبہ کو دی گئی سورتوں کی مشق درست تلفظ کے ساتھ کرائیں۔
- ناظرہ قرآن کا حصہ "ناظرہ قرآن آسان تجوید کے ساتھ (1)" سے پڑھائیں۔

NOT FOR SALE

# (ب) حفظ قرآن مجید

**حاصلات تعلّم:**

اس سبق کی تکمیل پر آپ اس قابل ہو جائیں گے کہ:

- سورۃ الفاتحۃ اور سورۃ الاخلاص درست تلفظ کے ساتھ حفظ کر سکیں۔
- سورتوں کو حفظ کر کے تجوید کے ساتھ نماز اور نماز کے علاوہ زبانی تلاوت کر سکیں۔

## سُوْرَةُ الْفَاتِحَةِ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۙ﴿١﴾ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۙ﴿٢﴾ مٰلِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ ۗ﴿٣﴾ اِيَّاكَ
نَعْبُدُ وَاِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ ۗ﴿٤﴾ اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ ۙ﴿٥﴾ صِرَاطَ الَّذِيْنَ
اَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْ ۙ﴿٦﴾ غَيْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَيْهِمْ وَلَا الضَّآلِّيْنَ ﴿٧﴾

## سُوْرَةُ الْاِخْلَاصِ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ ﴿١﴾ اَللّٰهُ الصَّمَدُ ﴿٢﴾ لَمْ يَلِدْ ۙ وَلَمْ يُوْلَدْ ﴿٣﴾
وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ ﴿٤﴾

**سرگرمی برائے طلبہ**

- جو سورتیں آپ نے سکول میں پڑھی ہیں انھیں گھر میں سنائیں۔

**کیا آپ جانتے ہیں؟**

سورۃ الاخلاص تین مرتبہ پڑھنے سے مکمل قرآن پڑھنے کا ثواب ملتا ہے۔ (سنن ابو داؤد، حدیث: 1461)

**برائے اساتذہ کرام**

- مشہور قراء کی آواز میں طلبہ کو قرآن سنایا جائے۔
- سبق میں دی گئی سورتوں کی مشق کروائیں۔



NOT FOR SALE

# (ج) حفظ و ترجمہ

**حاصلاتِ تعلّم:**

اس سبق کی تکمیل پر آپ اس قابل ہو جائیں گے کہ:

- کلمہ طَیِّبَہ مع مفہوم یاد کر سکیں۔
- روز مرہ زندگی میں پڑھے جانے والے کلمات مع ترجمہ یاد کر کے ان پر عمل کر سکیں۔

## کلمہ طیّبہ

# لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ

ترجمہ: اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں، محمد (خَاتَمُ النَّبِیّٖنَ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَعَلٰٓی اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ) اللہ کے رسول ہیں۔

## اچھے کلمات

اچھی چیز دیکھیں تو کہیں

# مَا شَآءَ اللّٰهُ

ترجمہ: جو اللہ چاہے

کوئی کام کرنا چاہیں تو کہیں

# اِنْ شَآءَ اللّٰهُ

ترجمہ: اگر اللہ نے چاہا

**برائے اساتذہ کرام**

- طلبہ کو بتائیں کہ مَاشَآءَ اللّٰهُ اور اِنْ شَآءَ اللّٰه کن کن مواقع پر بولا جاتا ہے۔
- مختلف جملے بولیں جن کے جواب میں طلبہ لفظ اِنْ شَآءَ اللّٰه یا مَاشَآءَ اللّٰهُ کہیں، جیسے: ہم سچ بولیں گے۔ اِنْ شَآءَ اللّٰه۔ پھول خوب صورت ہے۔ مَاشَآءَ اللّٰهُ۔

# (د) حدیثِ نبوی صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ

**حاصلاتِ تعلّم:**

اس سبق کی تکمیل پر آپ اس قابل ہو جائیں گے کہ:

- حدیث مبارک یاد کریں اور اس کو سمجھ سکیں۔
- اپنی زندگی میں اس حدیث کی تعلیمات پر عمل کر سکیں۔

**ہمارے پیارے نبی حضرت محمد رسول اللہ خَاتَمُ النَّبِيِّيْنَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ نے فرمایا:**

# اَلطُّهُوْرُ شَطْرُ الْإِيْمَانِ

صفائی نصف ایمان ہے۔ (صحیح مسلم، حدیث: 534)

**کیا آپ جانتے ہیں؟**

اللہ تعالیٰ کے فرمان کو قرآن مجید اور حضرت محمد رسول اللہ خَاتَمُ النَّبِيِّيْنَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ کے فرمان کو حدیث کہتے ہیں۔

**سرگرمی** حدیث کو سمجھ کر اس پر عمل کو اپنا معمول بنائیں۔

**برائے اساتذۂ کرام**

- طلبہ کو طہارت اور پاکیزگی کی اہمیت بتائیں۔



NOT FOR SALE

# (ہ) دعائیں (زبانی)

**حاصلاتِ تعلّم:**

اس سبق کی تکمیل پر آپ اس قابل ہو جائیں گے کہ:

- علم میں اضافے کی دعا کو یاد کر کے اپنی روزمرہ زندگی میں پڑھنے کے عادی ہو سکیں۔

## علم میں اضافے کی دعا:

# رَبِّ زِدْنِیْ عِلْمًا ○

اے میرے رب! میرے علم میں اضافہ فرما۔ (سورۃ طٰہٰ، آیت: 114)

**کیا آپ جانتے ہیں؟**

علم نور ہے۔

**سرگرمی برائے طلبہ**

دعا کو یاد کر کے روزانہ اسے پڑھنے کا معمول بنائیں۔

**برائے اساتذہ کرام**

- طلبہ کو علم کی اہمیت سے آگاہ کریں۔

# سرگرمیاں

## میرے کرنے کے کام

کلمات میں رنگ بھریں۔

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ

مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ



NOT FOR SALE

اساتذہ کرام کی مدد سے درست جواب پر دائرہ لگائیں۔

| | | |
|---|---|---|
| میں نماز پڑھوں گا / گی۔ | اِن شآءاللہ | ماشآءاللہ |
| ہم سیر کرنے جائیں گے / گی۔ | اِن شآءاللہ | ماشآءاللہ |
| میں ہمیشہ صاف ستھرا رہوں گا / گی۔ | اِن شآءاللہ | ماشآءاللہ |
| ہمارا ملک پاکستان بہت اچھا ملک ہے۔ | اِن شآءاللہ | ماشآءاللہ |
| میرے دادا ابو بہت اچھے ہیں۔ | اِن شآءاللہ | ماشآءاللہ |
| میں روزانہ سکول جاؤں گا / گی۔ | اِن شآءاللہ | ماشآءاللہ |
| مجھے اللہ تعالیٰ نے خوب صورت بنایا ہے۔ | اِن شآءاللہ | ماشآءاللہ |
| میں قرآن پڑھوں گا / گی۔ | اِن شآءاللہ | ماشآءاللہ |



NOT FOR SALE

کلمات میں رنگ بھریں۔

# مَا شَآءَ اللّٰهُ

# اِنْ شَآءَ اللّٰهُ

## باب دوم

## ایمانیات و عبادات

# (الف) ایمانیات

## (1) توحید کا تعارف

**حاصلاتِ تعلم:**

اس سبق کی تکمیل پر آپ اس قابل ہو جائیں گے کہ:

- اللہ تعالیٰ کی وحدانیت پر ایمان رکھیں اور یہ سمجھ سکیں کہ اللہ تعالیٰ ہی تمام کائنات کے خالق ہیں۔
- یہ بات جان اور سمجھ لیں کہ دنیا کی تمام چیزوں بشمول انسان کے خالق اللہ تعالیٰ ہیں۔
- اللہ تعالیٰ کی مختلف مخلوقات کا نام بتا سکیں مثلاً چاند، ستارے، سورج، درخت، جانور، پرندے وغیرہ۔
- یہ سمجھ لیں کہ ہمیں اللہ تعالیٰ کی تمام نعمتوں کا شکر ادا کرنا چاہیے۔

# اَللہ ایک ہے۔

**آئیں جانیں**

اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کرنے کے لیے کہنا چاہیے: اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ

NOT FOR SALE

اللہ تعالیٰ نے فرمایا:

# قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ ۚ

کہو (کہہ) وہ اللہ ایک ہے۔

اللہ تعالیٰ نے ہم سب کو پیدا کیا ہے۔

سب چیزیں اللہ تعالیٰ نے ہی بنائی ہیں۔

زمین، سورج، چاند، ستارے، درخت، جانور اور پرندے سب اُسی نے بنائے ہیں۔

ہمیں ہاتھ پاؤں، آنکھیں، ناک، کان اور زبان اللہ تعالیٰ نے دیے ہیں۔

تمام نعمتوں پر ہمیں اللہ تعالیٰ کا شُکر ادا کرنا چاہیے۔

**کیا آپ جانتے ہیں؟**

سورج اللہ تعالیٰ کی بہت بڑی نعمت ہے۔



NOT FOR SALE

# مشق

1 خالی جگہ پُر کریں۔

اللہ تعالیٰ    ایک    شکر

ا۔ اللہ تعالیٰ ______________ ہے۔

ب۔ ہمیں اللہ تعالیٰ کا ______________ ادا کرنا چاہیے۔

ج۔ سب چیزیں ______________ نے بنائی ہیں۔

2 ہم سب کو کس نے پیدا کیا ہے؟

______________________________

3 اللہ تعالیٰ نے کون کون سی چیزیں بنائی ہیں؟

______________________________

______________________________

## میرے کرنے کے کام

مندرجہ ذیل میں سے اللہ تعالیٰ کی پیدا کی گئی چیزیں اور چیزوں پر (✓) لگائیے۔

| چیزیں | اللہ تعالیٰ نے پیدا کیں | اللہ تعالیٰ کی توفیق سے انسانوں نے بنائیں |
|---|---|---|
| پانی | | |
| گھر | | |
| کتاب | | |
| درخت | | |
| گاڑیاں | | |
| کھلونے | | |
| سورج | | |

### سرگرمی برائے طلبہ

- اُستاد محترم کی مدد سے خوب صورت چارٹ بنائیں جس میں زمین، سورج، چاند، ستارے اور درخت دکھائے گئے ہوں۔ عنوان دیں:

"یہ سب اللہ تعالیٰ نے بنائے ہیں۔"



NOT FOR SALE

استاد محترم کی مدد سے پھولوں میں اللہ تعالیٰ کے صفاتی نام لکھیں۔



# (2) نُبوّت و رسالت

**حاصلاتِ تعلّم:**


اس سبق کی تکمیل پر آپ اس قابل ہو جائیں گے کہ:

- اس بات کو سمجھ کر ایمان پختہ کریں کہ تمام انبیاءِ کرام علیہم السلام کو اللہ تعالیٰ نے انسانوں کی رہنمائی کے لیے مبعوث فرمایا۔
- اس بات پر ایمان پختہ کریں کہ نبی کریم صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَ عَلٰی اٰلِہٖ وَ أَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ اللہ تعالیٰ کے آخری نبی اور رسول ہیں اور آپ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَ عَلٰی اٰلِہٖ وَ أَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ کے بعد ہمیشہ کے لیے کوئی نبی یا رسول نہیں آئے گا۔

انبیاءِ کرام علیہم السلام اللہ تعالیٰ کے بھیجے ہوئے خاص بندے ہیں۔

انبیاءِ کرام علیہم السلام نے ایک اللہ تعالیٰ کی عبادت کرنے کا حکم دیا۔

انبیاءِ کرام علیہم السّلام نے لوگوں کو اچھے کام کرنے کا حکم دیا۔





NOT FOR SALE

### دل چسپ بات

حضرت جبریل علیہ السلام اللہ تعالیٰ کا پیغام تمام انبیاء کرام علیہم السّلام تک پہنچایا کرتے تھے۔

ہم تمام انبیاء کرام علیہم السّلام پر ایمان لاتے ہیں۔

اللہ تعالیٰ کے پہلے نبی حضرت آدم علیہ السّلام ہیں اور آخری نبی حضرت محمدؐ رسول اللہ خَاتَمُ النَّبِیّٖن صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَأَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ ہیں۔

ہمارے پیارے نبی کا نام حضرت محمدؐ رسول اللہ خَاتَمُ النَّبِیّٖن صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَأَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ ہے۔

آپ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَأَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ کے بعد قیامت تک کوئی نبی یا رسول نہیں آئے گا۔

### آئیں جانیں

مشہور انبیاء کرام علیہم السّلام کے نام:

- حضرت نوح علیہ السّلام
- حضرت ابراہیم علیہ السّلام
- حضرت موسیٰ علیہ السّلام
- حضرت عیسیٰ علیہ السّلام
- آخری نبی حضرت محمد رسول اللہ خَاتَمُ النَّبِیّٖن صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَأَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ

NOT FOR SALE

# مشق

1 خالی جگہ پُر کریں۔

ایمان | حضرت آدم علیہ السلام | خاص

ا۔ اللہ تعالیٰ کے پہلے نبی کا نام ______ ہے۔

ب۔ ہم انبیاء کرام علیہم السّلام پر ______ لاتے ہیں۔

ج۔ انبیاء کرام علیہم السّلام اللہ تعالیٰ کے بھیجے ہوئے ______ بندے ہوتے ہیں۔

2 اللہ تعالیٰ کے آخری نبی کا نام بتائیں۔

______________________________

3 سب انبیاء کرام علیہم السّلام نے لوگوں کو کس بات کا حکم دیا؟

______________________________

______________________________



NOT FOR SALE

## 4 مشہور انبیاء کرام علیہم السّلام کے نام لکھیں۔

**حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وعلی آلہ وأصحابہ وسلم**

### میرے کرنے کے کام

- اساتذہ کرام کی مدد سے چار مشہور انبیاء کرام علیہم السّلام کے نام چارٹ پر لکھ کر کمرۂ جماعت میں آویزاں کریں۔
- انبیاء کرام علیہم السّلام کے قصے اپنے بڑوں سے سنیں اور اپنے دوستوں کو سنائیں۔

**برائے اساتذہ کرام**

- انبیاء کرام علیہم السّلام کے قصّے بچوں کو سنائیں۔
- عقیدۂ ختم نبوّت کے متعلق ایک قرآنی آیت مع ترجمہ کا چارٹ بنوا کر کلاس میں آویزاں کریں۔
- طلبہ سے گفتگو کرتے ہوئے ان پر واضح کریں کہ کن کن اچھے کاموں کا انبیاء کرام علیہم السّلام نے لوگوں کو حکم دیا۔

# (ب) عبادات

## (1) مسجِد


حاصلاتِ تعلّم:

اس سبق کی تکمیل پر آپ اس قابل ہو جائیں گے کہ:

- یہ جان لیں کہ مسجد نماز پڑھنے کی جگہ ہے۔

مسجد اللہ تعالیٰ کا گھر ہے۔

یہاں مسلمان دن میں پانچ بار نماز پڑھتے ہیں اور قرآن مجید کی تلاوت بھی کی جاتی ہے۔



**کیا آپ جانتے ہیں؟**


زمین پر مسجد حرام، مسجد اقصیٰ اور مسجد نبوی سب سے فضیلت والی مسجدیں ہیں۔

**آئیں جانیں**

زمین پر سب سے پہلے خانہ کعبہ بنایا گیا۔



NOT FOR SALE



مسجد میں نماز پڑھنے سے اللہ تعالیٰ خوش ہوتے ہیں۔

اسے ہمیشہ پاک صاف رکھنا چاہیے۔

ہمیں مسجد کے آداب کا خیال رکھنا چاہیے

### آئیں جانیں

حضرت محمد رسولُ اللہ خَاتَمُ النَّبِيِّينَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ
نے جو مسجد بنائی اسے مسجدِ نبوی کہتے ہیں۔

# مشق

1 خالی جگہ پُر کریں۔

نماز　　خوش　　گھر

ا۔ مسجد اللہ تعالیٰ کا ______________ ہے۔

ب۔ مسلمان مسجد میں ______________ پڑھتے ہیں۔

ج۔ مسجد میں نماز پڑھنے سے اللہ تعالیٰ ______________ ہوتے ہیں۔

2 مسلمان مسجد میں کیوں جاتے ہیں؟

______________________________

3 مسلمان دن میں کتنی نمازیں پڑھتے ہیں؟

______________________________

سرگرمیاں برائے طلبہ

- گھر کے کسی بڑے کے ساتھ اپنے محلے کی مسجد میں جائیں اور اس کے بارے میں اپنے دوست کو بتائیں۔



NOT FOR SALE

رنگ بھریں۔

نماز

مسجد

اللہ کا گھر

خانہ کعبہ

برائے اساتذہ کرام

- طلبہ کی رہنمائی کریں کہ ہمیں مسجد کو پاک صاف رکھنا چاہیے۔
- طلبہ کو بتائیں کہ مسجد میں خاموش رہنا کیوں ضروری ہے۔
- طلبہ کو مسجد کے آداب بتائیں۔

# اذان (2)

**حاصلاتِ تعلّم:**

اس سبق کی تکمیل پر آپ اس قابل ہو جائیں گے کہ:

- یہ جان لیں کہ اذان نماز کے لیے پکار کا نام ہے۔

نماز کے لیے پکارنے کو اذان کہتے ہیں۔

نماز سے پہلے اذان دی جاتی ہے۔

اذان سن کر لوگ نماز کے لیے مسجد آتے ہیں۔

**مزید جانیے!**

اذان خوب صورت آواز میں دینی چاہیے۔



NOT FOR SALE

فرمانِ نبوی صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّم

اذان سن کر وہی الفاظ بولنے چاہییں جو اذان دینے والا کہے۔ (صحیح مسلم، حدیث: 385)

اذان بلند آواز سے دی جاتی ہے۔

اذان دینے والے کو مؤذن کہتے ہیں۔

اذان کے وقت خاموش رہنا چاہیے۔

آئیں جانیں

حضرت محمد رسول اللہ خاتم النّبیین صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّم کی مسجد میں حضرت بلال رضی اللہ عنہ اذان دیا کرتے تھے۔

# مشق

**1** خالی جگہ پُر کریں۔

نماز — اذان — بلند

ا۔ نماز کے لیے پکارنے کو ______ کہتے ہیں۔

ب۔ اذان سن کر لوگ ______ کے لیے مسجد آتے ہیں۔

ج۔ اذان ______ آواز میں دینی چاہیے۔

**2** اذان دینے والے کو کیا کہتے ہیں؟

______________________________

**3** اذان کے وقت کیا کرنا چاہیے؟

______________________________



NOT FOR SALE

## میرے کرنے کے کام

# حَیَّ عَلَی الصَّلٰوۃِ

# حَیَّ عَلَی الْفَلَاحِ

## سرگرمی برائے طلبہ

- مسجد میں ہونے والی اذان خاموشی سے سُنیے اور وہی الفاظ دُہرائیے۔

**برائے اساتذہ کرام**

- فتح مکّہ کے موقع پر حضرت بلال رضی اللہ عنہ کا بیتُ اللہ کی چھت پر چڑھ کر اذان کہنے کا واقعہ طلبہ کو سنائیں۔
- حَیَّ عَلَی الصَّلٰوۃِ ایک چارٹ پر لکھ کر کمرا جماعت میں آویزاں کریں۔


# (3) نماز

**حاصلاتِ تعلم:**

اس سبق کی تکمیل پر آپ اس قابل ہو جائیں گے کہ:

- یہ جان لیں کہ نماز اسلام کا بنیادی رکن ہے۔
- یہ جان لیں کہ نماز ادا کرنے کے لیے پاک صاف ہونا ضروری ہے۔
- پنجگانہ نمازوں کے نام جان سکیں۔

- اللہ تعالیٰ نے ہمیں اپنی عبادت کے لیے پیدا کیا ہے۔
- عبادت کا سب سے بہترین طریقہ نماز ہے۔
- نماز پڑھنے سے اللہ تعالیٰ خوش ہوتے ہیں۔
- نماز اسلام کا بنیادی رُکن ہے۔



**آئیں جانیں**

جو شخص پانچ نمازیں پڑھتا ہے اسے پچاس نمازوں کا ثواب ملتا ہے۔ (صحیح مسلم، حدیث: 411)



NOT FOR SALE

باب سوم

# سیرتِ طیبہ صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَأَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ

## (1) ہمارے پیارے نبی حضرت محمدؐ رسول اللہ خاتم النّبیین صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَأَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ

حاصلاتِ تعلم:

اس سبق کی تکمیل پر آپ اس قابل ہو جائیں گے کہ:

- حضرت محمدؐ رسول اللہ خاتم النّبیین صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَأَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ کی ولادتِ مبارکہ کے بارے میں جان سکیں۔
- حضرت محمدؐ رسول اللہ خاتم النّبیین صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَأَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ کے گھرانے کے متعلق جان سکیں۔

ہمارے پیارے نبی حضرت محمدؐ رسول اللہ خاتم النّبیین صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَأَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ مکہ مکرمہ میں پیدا ہوئے۔

آپ صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَأَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ کے والد کا نام حضرت عبداللہ اور والدہ کا نام حضرت آمنہ تھا۔

آپ صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَأَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ کے والد آپ صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَأَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ کے پیدا ہونے سے پہلے وفات پا گئے۔
جب آپ صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَأَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ پیدا ہوئے تو آپ صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَأَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ کے دادا بہت خوش ہوئے۔
والدہ نے آپ صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَأَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ کا نام احمد (صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَأَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ) جبکہ دادا نے
آپ صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَأَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ کا نام محمدؐ (صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَأَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ) رکھا۔

**دل چسپ بات**

حضرت محمدؐ رسول اللہ خاتم النّبیین صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَأَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ کا تعلق ہاشمی خاندان سے تھا۔

NOT FOR SALE

## میرے کرنے کے کام

**پانچ نمازوں کے نام تلاش کیجیے اور ان میں مختلف رنگ بھریں۔**

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| ف | ع | م | غ | ر | ب |
| ظ | ش | ع | ف | ج | ر |
| ہ | ا | ص | ل | م | ک |
| ر | ء | ر | ج | د | ر |

**سرگرمی:**

- پانچ نمازوں کے نام چارٹ پر لکھ کر کمرۂ جماعت میں آویزاں کریں۔

**برائے اساتذۂ کرام**

- طلبہ کو واقعہ معراج سنا کر نماز کی اہمیت سے آگاہ کریں۔
- طلبہ سے گفتگو کیجیے کہ نماز پڑھنے کے لیے پاک صاف ہونا ضروری ہے۔

# مشق

**1** خالی جگہ پُر کریں۔

پانچ | نماز | وضو

ا۔ عبادت کا سب سے بہترین طریقہ ______ ہے۔

ب۔ نماز پڑھنے سے پہلے ہم ______ کرتے ہیں۔

ج۔ مسلمان پر دِن میں ______ نمازیں فرض ہیں۔

**2** اللہ تعالیٰ نے ہمیں کس لیے پیدا کیا ہے؟

______

**3** نماز سے پہلے وضو کرنا کیوں ضروری ہے؟

______



NOT FOR SALE

- نماز پڑھنے سے پہلے وضو کرنا ضروری ہے۔
- وضو کرنے سے ہم پاک صاف ہو جاتے ہیں۔
- مسلمان پر دِن میں پانچ نمازیں فرض ہیں۔

**فرمانِ نبوی** صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلَى آلِهِ وَأَصْحَابِهِ وَسَلَّم

نماز دین کا ستون ہے۔ (جامع ترمذی، حدیث:2616)

- پانچ نمازوں کے نام یہ ہیں:

فَجر | ظُہر | عَصر | مَغرب | عِشاء

**مزید جانیے!**

مسجد میں جماعت کے ساتھ نماز پڑھنے سے زیادہ ثواب ملتا ہے۔

**کیا آپ جانتے ہیں؟**

نماز پڑھنے کے لیے جو وضو کرتا ہے اس کے اعضاء قیامت کے دن چمک رہے ہوں گے۔ (صحیح بخاری، حدیث:136)

NOT FOR SALE

جب آپ صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ کی عمر چھے سال ہوئی تو آپ صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ کی والدہ بھی وفات پا گئیں۔ والدہ کی وفات کے بعد آپ صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ کے دادا حضرت عبد المطلب نے آپ صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ کی پرورش کی۔

آپ صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ کے دادا آپ صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ سے بہت پیار کرتے تھے۔ وہ ہمیشہ آپ صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ کو اپنے قریب رکھتے تھے۔ جب آپ صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ آٹھ سال کے ہوئے تو دادا بھی وفات پا گئے۔

دادا کی وفات کے بعد آپ صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ کی پرورش آپ صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ کے چچا حضرت ابو طالب نے کی۔ حضرت ابو طالب آپ صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ سے بے حد پیار کرتے تھے۔ وہ ہمیشہ آپ صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ کا اپنے بیٹوں سے بڑھ کر خیال رکھتے تھے۔ یہاں تک کہ آپ صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ جوان ہو گئے اور چالیس سال کی عمر میں اللہ تعالیٰ نے آپ صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ کو نبوت عطا فرمائی۔

**مزید جانیے!**

حضرت حلیمہ سعدیہ رضی اللہ عنہا نے آپ صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ کی بچپن میں پرورش کی۔

## مشق

1 خالی جگہ پُر کریں۔

چھے | حضرت آمنہ | حضرت عبد اللہ | چالیس | پیار

ا۔ آپ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَأَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ کے والد کا نام ______ تھا۔

ب۔ آپ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَأَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ کی والدہ کا نام ______ تھا۔

ج۔ جب آپ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَأَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ کی عمر ______ سال ہوئی تو والدہ بھی وفات پا گئیں۔

د۔ حضرت ابو طالب آپ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَأَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ سے بے حد ______ کیا کرتے تھے۔

ہ۔ اللہ تعالیٰ نے آپ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَأَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ کو ______ سال کی عمر میں نبوّت عطا فرمائی۔

2 ہمارے پیارے نبی حضرت محمد رسولُ اللہ خاتم النّبیّین صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَأَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ کہاں پیدا ہوئے؟

______________________________

3 آپ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَأَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ کی والدہ نے آپ کا نام کیا رکھا؟

______________________________



NOT FOR SALE

4 حضرت محمدؐ رسول اللہ خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہٖ واصحابہٖ وسلم کے دادا نے آپ کا نام کیا رکھا؟

______________________________________________


## میرے کرنے کے کام

رنگ بھریں:

حضرت  رسول اللہ خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہٖ واصحابہٖ وسلم

## سرگرمی:

حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین صَلَّی اللّٰہُ عَلَیۡہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَأَصۡحَابِہٖ وَسَلَّمَ کے خاندان کے افراد کے نام لکھیں۔




- کسی مستند سیرت کی کتاب میں سے واقعات آسان الفاظ میں طلبہ کو سنائیں۔
- حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین صَلَّی اللّٰہُ عَلَیۡہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَأَصۡحَابِہٖ وَسَلَّمَ کے خاندان کا معلوماتی چارٹ بنوا کر کمرہ جماعت میں آویزاں کروائیے۔



NOT FOR SALE

# (2) حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَأَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ کے اخلاقِ حسنہ

حاصلاتِ تعلم:

اس سبق کی تکمیل پر آپ اس قابل ہو جائیں گے کہ:

- حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَأَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ کے صادق اور امین ہونے کو جان سکیں۔
- سیرتِ طیبہ کی روشنی میں اخلاقِ حسنہ کے پہلوؤں کو اپنا سکیں۔

ایک مرتبہ ہمارے نبی حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَأَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ صفا پہاڑی پر چڑھے اور مکّہ والوں کو آواز دی۔ سب لوگ جلدی جلدی آپ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَأَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ کے پاس جمع ہو گئے۔

آپ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَأَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ نے لوگوں سے پوچھا: تم لوگوں نے مجھے کیسا پایا ہے؟

سب بولے: آپ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَأَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ صادِق اور امین ہیں۔

تب آپ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَأَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ نے فرمایا: تم سب کہہ دو کہ اللہ تعالیٰ کے علاوہ کوئی عبادت کے لائق نہیں تو تم فلاح پا جاؤ گے۔ (مسند احمد، حدیث 10598)

آپ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَأَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ ہمیشہ سچ بولتے تھے۔ آپ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَأَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ نے ہمیشہ امانتوں کا خیال رکھا۔ کافر بھی اپنی چیزیں آپ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَأَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ کے پاس رکھوایا کرتے تھے۔

آپ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَأَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ نے دوسروں کو بھی سچائی اور امانت داری سکھائی۔

**آئیں جانیں**

صادِق کا مطلب ہے ہمیشہ سچ بولنے والا
امین کا مطلب ہے دوسروں کی چیزوں کا خیال رکھنے والا

NOT FOR SALE

## آئیں جانیں

سچ بولنے والے کو اللہ تعالیٰ پسند کرتا ہے۔

آپ صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَأَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ نے فرمایا:

- سچ نیکی کی طرف لے جاتا ہے۔ (صحیح بخاری، حدیث: 6094)
- جس میں امانت نہیں وہ مومن نہیں۔ (صحیح ابن حبان، حدیث:194)

ہمیں چاہیے کہ ہم بھی اپنے پیارے نبی حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَأَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ کی طرح ہمیشہ سچ بولیں اور دوسروں کی امانت کا خیال رکھیں۔


NOT FOR SALE

# مشق

1 خالی جگہ پُر کریں۔

نیکی　　چیزیں　　امانتوں　　سچ

ا۔ ہمارے پیارے نبی حضرت محمد رسول اللہ خاتم النّبیّین صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَأَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ ہمیشہ ________ بولتے تھے۔

ب۔ آپ صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَأَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ نے ہمیشہ ________ کا خیال رکھا۔

ج۔ کافر بھی اپنی ________ آپ صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَأَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ کے پاس رکھوایا کرتے تھے۔

د۔ سچ ________ کی طرف لے جاتا ہے۔

2 صادِق اور امین کا کیا مطلب ہے؟

______________________________

3 آپ صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَأَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ نے مکّہ مکرّمہ کے لوگوں سے کون سی پہاڑی پر خطاب فرمایا؟

______________________________

______________________________

## میرے کرنے کے کام

| | | |
|---|---|---|
| کیا میں سچ بولتا ہوں؟ | ہاں | نہیں |
| کیا میں دوسروں کی چیزوں کا خیال رکھتا ہوں؟ | ہاں | نہیں |
| کیا مجھے سچ بولنے سے خوشی ہوتی ہے؟ | ہاں | نہیں |
| اگر کوئی بچہ مجھے کوئی چیز دے تو اسی طرح واپس کرتا ہوں؟ | ہاں | نہیں |
| کیا میں دوسروں کی چیزیں اجازت لے کر استعمال کرتا ہوں؟ | ہاں | نہیں |

## سرگرمی برائے طلبہ

- ہمارے پیارے نبی حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ کی سچائی کا کوئی واقعہ اپنے دوست کو سنائیے۔

برائے اساتذہ کرام

- طلبہ کو سیرت طیبہ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ سے سچائی اور امانت داری کے متعلق مزید واقعات سنائیں۔


NOT FOR SALE

باب چہارم

# اَخلاق و آداب

## (1) اچھے اخلاق

حاصلاتِ تعلّم:

اس سبق کی تکمیل پر آپ اس قابل ہو جائیں گے کہ:

- قرآن و سنت کی روشنی میں اچھے اخلاق کے متعلق جان سکیں۔
- اپنی عملی زندگی میں اچھے اخلاق کو اپنا سکیں۔

ایک مرتبہ ہمارے نبی حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلَى آلِهِ وَأَصْحَابِهِ وَسَلَّمَ اپنے ساتھیوں کے ساتھ سفر کر رہے تھے۔ ایک جگہ پہنچ کر سب لوگ کچھ وقت کے لیے رکے۔ تھوڑی دیر بعد آپ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلَى آلِهِ وَأَصْحَابِهِ وَسَلَّمَ نے دیکھا کہ ایک چڑیا مسلسل چُوں چُوں کر رہی ہے۔ آپ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلَى آلِهِ وَأَصْحَابِهِ وَسَلَّمَ نے اپنے ساتھیوں سے پوچھا کہ اس چڑیا کو کیا ہوا ہے۔ ساتھیوں نے بتایا کہ فلاں شخص نے اس چڑیا کے گھونسلے سے اس کے بچے اٹھا لیے ہیں۔

آپ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلَى آلِهِ وَأَصْحَابِهِ وَسَلَّمَ نے اس شخص کو بلایا اور حکم دیا کہ فوری بچے چڑیا کے گھونسلے میں رکھ دے۔ جب اس نے بچے گھونسلے میں رکھے تو چڑیا خوش ہو کر خاموش ہو گئی۔ (سنن ابو داؤد، حدیث: 3089)

آپ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلَى آلِهِ وَأَصْحَابِهِ وَسَلَّمَ انسانوں کے ساتھ ساتھ جانوروں سے بھی اچھا سلوک کیا کرتے تھے۔

**کیا آپ جانتے ہیں؟**

بہت سارے کافر ہمارے نبی حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلَى آلِهِ وَأَصْحَابِهِ وَسَلَّمَ کے اچھے اخلاق کی وجہ سے مسلمان ہو گئے تھے۔

**فرمانِ الٰہی ......**

یقیناً آپ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلَى آلِهِ وَأَصْحَابِهِ وَسَلَّمَ اخلاق کے اعلیٰ مرتبہ پر فائز ہیں۔

اللہ تعالیٰ نے ہمارے نبی حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ کو اس لیے بھیجا کہ وہ ہمیں اچھی اچھی باتیں سکھائیں۔ آپ صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ نے ہمیں سکھایا کہ ہم:

- اپنے امی ابو کی بات مانیں۔
- بہن بھائیوں اور دوستوں کے ساتھ مل جل کر رہیں۔
- دوستوں کو اچھے نام سے پکاریں۔
- وقت کی پابندی کریں۔
- اپنی باری کا انتظار کریں۔
- بڑوں کا ادب کریں۔
- دوسروں کو سلام کرنے میں پہل کریں۔

**فرمانِ مصطفیٰ صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ**

تم میں سے اچھا وہ ہے جس کے اخلاق اچھے ہیں۔ (سنن ترمذی، حدیث: 1162)



NOT FOR SALE

# مشق

1 خالی جگہ پُر کریں۔

اجازت | ادب | اچھے | پابندی

ا۔ دوستوں کو ________ نام سے پکاریں۔

ب۔ بڑوں کا ________ کریں۔

ج۔ وقت کی ________ کریں۔

د۔ کسی کی چیز ________ لے کر استعمال کریں۔

2 ہمیں بہن بھائیوں اور دوستوں کے ساتھ کیسے رہنا چاہیے؟

________________________________________

3 اللہ تعالیٰ نے ہمارے پیارے نبی حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَأَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ کو کس لیے بھیجا؟

________________________________________

## میرے کرنے کے کام

### اپنے متعلق بتائیں:

اگر کام کرتے ہیں تو اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ والے خانے میں (✓) لگائیں۔ اگر نہیں کرتے تو اِنْ شَآءَ اللّٰہُ والے خانے میں لگائیں۔

| کام | اَلْحَمْدُ لِلّٰہ | اِنْ شَآءَ اللّٰہُ |
|---|---|---|
| اپنے امی ابو کی بات مانتے ہیں / مانیں گے۔ | | |
| اپنے دانتوں کی روزانہ صفائی کرتے ہیں / کریں گے۔ | | |
| صبح جلدی اٹھتے ہیں / اٹھیں گے۔ | | |
| صاف ستھرا رہتے ہیں / رہیں گے۔ | | |
| دوسروں کو سلام کرنے میں پہل کرتے ہیں / کریں گے۔ | | |

### سرگرمی برائے طلبہ

- چڑیا اور اس کے بچوں کا واقعہ اپنے بہن بھائیوں کو سنائیے۔

### پھولوں میں اچھی عادتوں کے نام لکھیں۔




برائے اساتذہ کرام

- طلبہ کے ساتھ مل کر کمرہ جماعت کا ضابطہ اخلاق بنائیے اور اسے کسی نمایاں جگہ پر آویزاں کیجیے۔
- طلبہ کو اخلاق حسنہ کے بارے میں تفصیل سے بتائیں۔



NOT FOR SALE

# (2) سلام کرنا

**حاصلاتِ تعلّم:**

اس سبق کی تکمیل پر آپ اس قابل ہو جائیں گے کہ:

- یہ جان سکیں کہ ایک دوسرے کو سلام کرنا سنت رسول صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلَى آلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ ہے۔
- سلام کرنے کی اہمیت سے آگاہ ہو سکیں۔
- سلام کرنے کا طریقہ اور آداب سیکھ سکیں۔
- روزمرہ زندگی میں سلام کرنے کی عادت کو اپنا سکیں۔

ایک مرتبہ ہمارے پیارے نبی حضرت محمد رسول اللہ خَاتَمُ النَّبِيِّيْنَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلَى آلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ اپنے ساتھیوں کے ساتھ بیٹھے ہوئے تھے۔ ایک شخص آیا اور اس نے کہا۔ اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ! آپ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلَى آلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ نے فرمایا:

**اس شخص کو دس نیکیاں ملی ہیں۔**

تھوڑی دیر بعد ایک دوسرا شخص آیا اور اس نے کہا۔ اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ وَرَحْمَةُ اللهِ!

آپ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلَى آلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ نے فرمایا:

**اس شخص کو بیس نیکیاں ملی ہیں۔**

**مزید جانیے!**

اللہ تعالیٰ کے پیارے ناموں میں سے ایک نام "اَلسَّلَامُ" بھی ہے۔

پھر ایک تیسرا شخص آیا اور اس نے کہا۔ اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ وَرَحْمَةُ اللهِ وَبَرَكَاتُهٗ!

آپ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلَى آلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ نے فرمایا:

**اس شخص کو تیس نیکیاں ملی ہیں۔** (سُنن ابو داؤد، حدیث: 5195)

NOT FOR SALE

سلام کرنا ہمارے نبی حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلَى آلِهِ وَأَصْحَابِهِ وَسَلَّمَ کی سنت ہے۔
آپ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلَى آلِهِ وَأَصْحَابِهِ وَسَلَّمَ نے سلام کرنے کا حکم دیا ہے۔ آپ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلَى آلِهِ وَأَصْحَابِهِ وَسَلَّمَ نے فرمایا:

# اَفْشُوا السَّلَامَ بَيْنَكُمْ

## آپس میں سلام کو عام کرو۔

(سنن ترمذی، حدیث: 1854)

**کیا آپ جانتے ہیں؟**

سلام کرنے سے محبت بڑھتی ہے۔

**مزید جانیے!**

ہمارے پیارے نبی حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلَى آلِهِ وَأَصْحَابِهِ وَسَلَّمَ بچوں کو بھی سلام کیا کرتے تھے۔



NOT FOR SALE

ہمارے پیارے نبی حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَأَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ کے صحابہ کرام رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُمْ ایک دوسرے کو سلام کیا کرتے تھے۔

## سلام کرنے کے آداب

- ہمیشہ سلام کرنے میں پہل کریں۔
- چھوٹا بڑے کو پہلے سلام کرے۔
- پیدل چلنے والا کھڑے شخص کو پہلے سلام کرے۔
- اگر کوئی سلام کرے تو اس کا مکمل جواب دیں۔
- گھر سے نکلتے ہوئے اور گھر میں داخل ہوتے ہوئے سلام کریں۔

ہمیں چاہیے کہ ہم اپنے پیارے نبی حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَأَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ کی سُنت پر عمل کرتے ہوئے سلام میں پہل کریں۔

NOT FOR SALE

# مشق

**1** کالم ملائیں۔

| | |
|---|---|
| اَلسَّلَامُ عَلَیْکُمْ | 20 نیکیاں |
| اَلسَّلَامُ عَلَیْکُمْ وَرَحْمَۃُ اللّٰہِ | 30 نیکیاں |
| اَلسَّلَامُ عَلَیْکُمْ وَرَحْمَۃُ اللّٰہِ وَبَرَکَاتُہٗ | 10 نیکیاں |

**2** ہمارے پیارے نبی حضرت محمدؐ رسول اللہ خَاتَمُ النَّبِیّٖنَ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ نے سلام کرنے کے بارے میں کیا حکم دیا ہے؟

______________________________

**3** سلام کرنے کے دو آداب لکھیے۔

______________________________


______________________________



NOT FOR SALE

## میرے کرنے کے کام

**رنگ بھریں۔**




**اپنے بارے میں بتائیں۔**

| | | |
|---|---|---|
| کیا میں دوسروں کو پہلے سلام کرتا / کرتی ہوں؟ | ہاں | نہیں |
| کیا گھر سے نکلتے ہوئے گھر والوں کو سلام کرتا / کرتی ہوں؟ | ہاں | نہیں |
| کیا میں راستے میں ملنے والے دوستوں کو سلام کرتا / کرتی ہوں؟ | ہاں | نہیں |

NOT FOR SALE

- کیا کمرہ جماعت میں داخل ہوتے ہوئے سلام کرتا / کرتی ہوں؟ | ہاں | نہیں

- کیا میں اساتذہ کو سلام کرتا / کرتی ہوں؟ | ہاں | نہیں

- کیا گھر میں داخل ہوتے ہوئے سلام کرتا / کرتی ہوں؟ | ہاں | نہیں

## سرگرمی برائے طلبہ

- ایک دوسرے کو سلام کرنے کے فائدے بتائیے۔

برائے اساتذہ کرام

- سلام کے آداب کے عنوان سے ایک چارٹ بنا کر کمرہ جماعت میں آویزاں کیجیے۔
- طلبہ کو سلام کرنے اور اس کا جواب دینے کا عملی مظاہرہ کمرہ جماعت میں کروائیں۔


NOT FOR SALE

# باب پنجم

# ہدایت کے سرچشمے اور مشاہیرِ اسلام

## اَنْبِیاءِ کرام عَلَیْھِمُ السَّلَامُ کا تعارف

**حاصلاتِ تعلّم:**

اس سبق کی تکمیل پر آپ اس قابل ہو جائیں گے کہ:

- جان سکیں کہ اللہ تعالیٰ نے انبیاء کرام علیہم السلام کو انسانوں کی رہنمائی کے لیے مبعوث فرمایا۔
- انبیاء کرام علیہم السّلام کی تعداد کے بارے میں جان سکیں۔
- انبیاء کرام علیہم السّلام کی صفات کے متعلق مختصر طور پر جان سکیں۔
- یہ جان لیں کہ پہلے نبی حضرت آدم علیہ السّلام اور آخری نبی حضرت محمد رسول اللہ خاتم النّبیین صلی اللہ علیہ وعلی آلہٖ وأصحابہٖ وسلّم ہیں۔

اللہ تعالیٰ نے انسانوں کی ہدایت اور رہنمائی کے لیے ہر زمانے میں انبیاء کرام علیہم السلام کو بھیجا۔ انھوں نے لوگوں کو بتایا کہ وہ صرف ایک اللہ تعالیٰ کی عبادت کریں۔ وہ لوگوں کو بتاتے کہ نیک کام کرنے والوں کو جنت ملے گی۔ وہ لوگوں کو نیکی کے کام کرنے کا حکم دیتے اور برائی سے منع کرتے۔

**جاننے کی بات**

ہمارے پیارے نبی حضرت محمد رسول اللہ خاتم النّبیین صلی اللہ علیہ وعلی آلہٖ وأصحابہٖ وسلّم کے بارے میں سب انبیاء کرام علیہم السلام نے بتایا تھا کہ آخری نبی حضرت محمد رسول اللہ خاتم النّبیین صلی اللہ علیہ وعلی آلہٖ وأصحابہٖ وسلّم دنیا میں آئیں گے۔

سب سے پہلے نبی حضرت آدم علیہ السلام تھے۔ ان کے بعد تقریباً ایک لاکھ چوبیس ہزار انبیاء کرام علیھم السلام آئے۔

سب سے آخر میں ہمارے پیارے نبی حضرت محمد رسول اللہ خَاتَمُ النَّبِیِّیْنَ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ تشریف لائے۔

انبیاء کرام علیھم السّلام لوگوں میں سب سے زیادہ نیک اور پرہیزگار تھے۔ وہ لوگوں کی مدد کرتے، ہمیشہ سچ بولتے، دوسروں کی امانت کا خیال رکھتے اور سب سے اچھا سلوک کرتے تھے۔

**آئیں جانیں**

اللہ تعالیٰ کے نبی حضرت سلیمان علیہ السلام پرندوں کی بولیاں سمجھتے تھے۔

**مزید جانیے!**

حضرت موسیٰ علیہ السّلام کا نام قرآن مجید میں 136 مرتبہ آیا ہے۔





NOT FOR SA

# مشق

**1** خالی جگہ پُر کریں۔

جنّت　　نیکی　　نیک

ا۔ اَنبیاءِ کِرَام عَلیھم السلام لوگوں کو ____________ کے کام کرنے کا حکم دیتے۔

ب۔ نیک کام کرنے والوں کو ____________ ملے گی۔

ج۔ انبیاء کرام علیھم السّلام سب لوگوں میں سب سے زیادہ ____________ ہوتے تھے۔

**2** اللہ تعالیٰ نے انبیاء کرام علیھم السّلام کو کیوں بھیجا؟

______________________________

**3** انبیاء کرام علیھم السّلام کی تعداد کتنی ہے؟

______________________________

NOT FOR SALE

## میرے کرنے کے کام

چارٹ بنائیے۔

### انبیاء کرام علیہم السلام کی خوبیاں



NOT FOR SALE

رنگ بھریں۔

# عَلَيْهِمُ السَّلَامُ

برائے اساتذہ کرام

- طلباء کو انبیاء کرام علیہم السلام بالخصوص نبی کریم صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلَىٰ آلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ کے معجزات کے بارے میں بتایا جائے۔
- صاحب کتاب انبیاء علیہم السلام کے ناموں کا چارٹ بنا کر کمرہ جماعت میں آویزاں کریں۔

NOT FOR SALE

# ضمیمہ

| | | |
|---|---|---|
| نصف | ← | آدھا |
| خاص بندے | ← | چنے ہوئے لوگ |
| ایمان لانا | ← | دل و جان سے ماننا |
| خاتم | ← | ختم کرنے والا |
| النبیّین | ← | نبی کی جمع |
| قیامت کا دِن | ← | آخرت کا دِن |
| فضیلت | ← | برتری |
| عبادت | ← | بندگی |
| نبی | ← | خبر دینے والا |



NOT FOR SALE